(۵) تحقیقی کتابیں اور رسائل:

وہ کتابیں جن میں کسی موضوع پر تحقیق ہوتی ہے، اسی طرح وہ جدید تحقیقی رسائل جن میں اصولِ تحقیق کو مد نظر رکھ کر تحقیقی مضامین و مقالات پیش کیے جاتے ہیں، ان کے حاشیے میں یا آخر میں متعلقہ کتب کے حوالہ جات درج ہوتے ہیں۔ ان حاشیوں اور کتابیات سے طالبعلم کو بہت سے مراجع مل سکتے ہیں۔

مذکورہ بالا پانچ ذرائع سے طالبعلم کو مراجع کا مفید ذخیرہ مل جائے گا۔ پھر وہ جیسے جیسے آگے بڑھے گا اس کے مطلوبہ مراجع شاخ در شاخ پھیلتے جائیں گے۔ ممکن ہے کہ وہ تحقیق کی ابتدا بیس مراجع سے کرے اور اختتام تک اس کے پاس دو سو مراجع جمع ہو جائیں۔

یاد رہے کہ مقالے کے عنوان کے طرح مرکزی اور ذیلی عنوانات بھی قطعی اور حتمی نہیں ہوتے۔ تحقیق کار اگر آگے چل کر ان میں تبدیلی کی ضرورت محسوس کرے تو اپنے نگران استاد کی رہنمائی اور مشورے سے ایسا کر سکتا ہے۔

تیسرا مرحلہ

معلومات جمع کرنا:

تحقیق کا خاکہ تیاری کرنے کے بعد اگلا مرحلہ معلومات جمع کرنے کا ہے تاکہ اس خاکے میں رنگ بھرا جا سکے۔ معلومات جمع کرنے کے طریقے مقالات کی نوعیت کے اعتبار سے مختلف ہوتے ہیں، لیکن یاد رکھیے! تحقیق خواہ کسی بھی قسم کی ہو، اس کی ابتدا کتب خانے سے کرنی چاہئے اور اوپر دیے گئے پانچ ذرائع سے استفادہ کرتے ہوئے ان ماٰخذ تک رسائی حاصل کرنی چاہئے جن میں اس کے موضوع سے متعلق معلومات موجود ہوں۔

www.alghanipublisher.com